# بورڈ آف انٹر میڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن بہاول پور۔

## ترمیمی شیڈول انٹرمیڈیٹ امتحانات

**مورخہ 13-02-2019**

عنوان: **انٹرمیڈیٹ پارٹ فرسٹ و پارٹ سیکنڈ/کمپوزٹ اور علوم السنہ شرقیہ امتحانات سالانہ 2019ء کے آن لائن داخلہ فارم، فیس اور ہارڈ کاپی کی وصولی کا ترمیمی شیڈول۔**

مطلع کیا جاتا ہے کہ پنجاب بورڈز کمیٹی آف چیئرمین سے موصولہ مراسلہ نمبر 16-19-SY/PBCC/LHR نمبر 60 / میٹنگ مورخہ 12-02-2019 کے مطابق بہاول پور بورڈ کے زیر اہتمام انٹرمیڈیٹ پارٹ فرسٹ و پارٹ سیکنڈ/کمپوزٹ اور علوم السنہ شرقیہ سالانہ امتحانات 2019ء کا انعقاد **مورخہ 6۔ مئی 2019ء بروز سوموار** سے ہوگا۔ اس امتحان میں شامل ہونے والے جملہ ریگولر اور پرائیوٹ امیدواران کے داخلہ فارم آن لائن کرنے اور داخلہ فارم کی ہارڈ کاپی و داخلہ فیس کے بنک چالان کی بورڈ ہذا میں وصولی کا ترمیمی شیڈول درج ذیل ہے:۔

| نمبر شمار | شیڈول | ریگولر/پرائیویٹ امیدواران کیلئے |
|---|---|---|
| 1 | بغیر لیٹ فیس کے | 16-01-2019 تا 18-02-2019 |
| 2 | دوگنا فیس کے ساتھ | 19-02-2019 تا 04-03-2019 |
| 3 | تین گنا فیس کے ساتھ | 05-03-2019 تا 12-03-2019 |

### الف۔ داخلہ فیس، پروسیسنگ فیس اور سرٹیفیکیٹ فیس کی شرح

| تفصیل | سنگل پارٹ (ریگولر) | سنگل پارٹ (پرائیویٹ) | پارٹ فرسٹ اینڈ سیکنڈ/کمپوزٹ (ریگولر) | پارٹ فرسٹ اینڈ سیکنڈ/کمپوزٹ (پرائیویٹ) |
|---|---|---|---|---|
| سائنس گروپ یا ایسے مضامین جن میں عملی امتحان ہو | 800 | 900 | 1600 | 1800 |
| آرٹس گروپ یا ایسے مضامین جن میں عملی امتحان نہ ہو | 750 | 800 | 1500 | 1600 |
| پروسیسنگ فیس | 400 | 400 | 400 | 400 |
| سرٹیفیکیٹ فیس (صرف ایک مرتبہ) | 550 | 550 | ---- | 550 |

### ب۔ علوم السنہ شرقیہ

| داخلہ فیس | انرولمنٹ/رجسٹریشن فیس | پروسیسنگ فیس | سرٹیفیکیٹ فیس |
|---|---|---|---|
| -/900 روپے | -/850 روپے | -/400 روپے | -/550 روپے |

### ﴿1﴾ ضروری تاکید/ہدایات برائے سربراہان تعلیمی ادارہ جات/پرائیویٹ امیدواران۔

(i) ایسے امیدواران جو بورڈ ہذا سے انرولمنٹ/رجسٹریشن نہیں کروا سکے تھے وہ داخلہ فیس کے علاوہ انرولمنٹ/رجسٹریشن فیس اور سپورٹس فیس ﴿کل مبلغ -/850 روپے﴾ بھی جمع کروائیں گے۔

(ii) تمام ریگولر/پرائیویٹ امیدواران جو صرف پارٹ فرسٹ یا پارٹ فرسٹ و سیکنڈ (مشترکہ) کا امتحان پہلی دفعہ دے رہے ہیں وہ اپنا داخلہ فارم آن لائن کروانے سے قبل داخلہ فیس کے ساتھ سند فیس مبلغ -/550 روپے بھی بورڈ کے منظور شدہ بینک میں جمع کروائیں گے۔

(iii) ایسے امیدواران جو قبل ازیں امتحانات میں شمولیت اختیار کرتے ہوئے سند فیس جمع کروا چکے ہیں اب وہ سند فیس سے مستثنیٰ ہوں گے۔

(iv) تین گناہ فیس کا شیڈول ختم ہونے کے بعد مبلغ -/500 یا -/100 روپے یومیہ جرمانہ کے ساتھ داخلہ فارم جمع کروانے والے امیدواران کا امتحانی مرکز بورڈ قوانین کے مطابق ضلعی ہیڈ کوارٹر ہوگا۔

(جاری ہے)

Result.pk

(v) ریگولر اور الحاق شدہ ادارہ جات بورڈ کی طرف سے جاری شدہ اکاؤنٹ میں Login ہو کر اپنے امیدواران کا داخلہ فارم Submit کریں گے۔

(vi) بورڈ ہذا میں وصول ہونے والا ہر قسم کا مینول داخلہ فارم قابل قبول نہ ہوگا۔

(vii) کمپارٹمنٹ کی صورت میں امتحان دینے پر متعلقہ گروپ ﴿سائنس / آرٹس﴾ کی پوری داخلہ فیس وصول کی جائیگی۔

## ﴿2﴾ پرائیویٹ امیدواران متوجہ ہوں کہ:۔

(i) بہاول پور بورڈ کے زیر اہتمام پرائیویٹ امیدواران کو یہ سہولت دی گئی ہے کہ وہ بورڈ کی ویب سائٹ www.bisebwp.edu.pk پر اپنے داخلہ فارم آن لائن سسٹم کے تحت فیڈ کرنے کے بعد داخلہ فارم اور فیس چالان کی ہارڈ کاپی کا پرنٹ حاصل کر سکتے ہیں۔

(ii) ایسے پرائیویٹ امیدواران جو پہلی دفعہ پارٹ فرسٹ یا پارٹ فرسٹ وسیکنڈ (مشترکہ) امتحان میں شامل ہو رہے ہیں وہ سائنس گروپ اور آرٹس گروپ جس میں پریکٹیکل والے مضامین ہوں امتحان دینے کے اہل نہیں ہیں۔ البتہ ایسے امیدواران جو گذشتہ سالوں میں انٹر پارٹ سیکنڈ کا امتحان دینے کے بعد جن پریکٹیکل مضامین کے ساتھ فیل ہوئے ہوں وہ اپنے سابقہ پریکٹیکل والے مضامین کے ساتھ امتحان دینے کے اہل ہوں گے۔

(iii) ایسے پرائیویٹ امیدواران جو پہلے امتحان میں شمولیت اختیار کر چکے ہیں یا ایسے امیدواران جو پہلی دفعہ پرائیویٹ امتحان میں شمولیت اختیار کرنا چاہتے ہیں وہ سابقہ رزلٹ کارڈ (میٹرک/انٹرمیڈیٹ) کی فوٹو کاپی، ب فارم کی فوٹو کاپی، والد کے شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی اور ایک عدد پاسپورٹ سائز فوٹو (بلیو، بیک گراؤنڈ) لے کر کہیں سے بھی اپنا داخلہ فارم آن لائن کروا کر بنک چالان اور داخلہ فارم کی ہارڈ کاپی حاصل کر سکتے ہیں۔ امیدواران آن لائن بینک چالان کے مطابق داخلہ فیس یونائیٹڈ بینک (بورڈ کی مقرر کردہ برانچ) میں جمع کروائیں گے اور آن لائن پرنٹ شدہ داخلہ فارم اپنی رہائش کے قریب ترین کسی بھی گورنمنٹ/الحاق شدہ کالج/ہائیر سیکنڈری سکول کے پرنسپل سے تصدیق کرا کر مع اصل بنک چالان مقررہ شیڈول کے اندر **اسسٹنٹ کنٹرولر انٹرمیڈیٹ (امتحانات)، بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، بہاول پور** کو ارسال کریں گے۔ واضح رہے کہ تمام امیدواران داخلہ فارم پر اپنا مستقل ایڈریس تحریر کریں گے۔

Result.pk

**نوٹ:۔**

﴿1﴾ واضح رہے کہ ایسے تعلیمی ادارہ جات اور پرائیویٹ امیدواران جو امتحانی داخلہ فارم آن لائن کرنے کے بعد اس کی ہارڈ کاپی مقررہ شیڈول کے اندر بورڈ ہذا کو ارسال نہیں کریں گے وہ امتحان میں شامل ہونے کے اہل نہ ہونگے۔

﴿2﴾ شیڈول/امتحانات سے متعلق تمام تر معلومات بورڈ کی ویب سائٹ "www.bisebwp.edu.pk" سے حاصل کی جا سکتی ہیں۔

سیکریٹری

### کاپی برائے اطلاع/ضروری کاروائی ۔

(1) جملہ سربراہان تعلیمی ادارہ جات (کالجز/ہائیر سیکنڈری سکولز/کامرس کالجز)، واقع حدود بہاول پور بورڈ۔

(2) ڈائریکٹر آف ایجوکیشن (کالجز)، بہاول پور ڈویژن، بہاول پور۔

(3) ممبران بورڈ، چیف ایگزیکٹو آفیسر (سیکنڈری) اور ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (کالجز) ضلع بہاول پور، بہاولنگر، رحیم یار خان ۔

(4) ریجنل ڈائریکٹر تعلقات عامہ بہاول پور (برائے اشاعت) ۔

(5) نیوز ایڈیٹر، ریڈیو پاکستان بہاول پور (برائے نشریات)۔

(6) منیجر، UBL بورڈ برانچ (مہربانی فرما کر بورڈ کی حدود میں واقع UBL کی تمام برانچز کو نوٹیفکیشن ہذا سے فوری طور پر آگاہ فرمائیں تاکہ شیڈول اور مجوزہ شرح کے مطابق داخلہ فیس و دیگر فیس وصول کی جا سکے)۔

(7) داخلی تقسیم/نوٹیفکیشن فائل۔

انچارج میٹنگ